رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵

Digitized by Khilafat Library Rabwah

REGD. L NO 2595

ہندوستان بھر کے سکھوں اور آریوں میں تبلیغ اسلام کے اہم فرائض کو بجا لانیوالا واحد اخبار

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵

ضوابط

چندہ سالانہ عوام سے
ایک روپیہ آٹھ آنے
چندہ ششماہی عوام سے
چودہ آنے
سرپرستوں سے سالانہ
دس روپے عـہ
امراء سے سالانہ
پانچ روپے
غیر ممالک سے سالانہ آٹھ شلنگ

نور THE NOOR

یہدی اللہ لنورہ من یشاء

ہر انگریزی ماہ کی
۳
۱۷
تاریخ کو شائع ہوتا ہے

ایڈیٹر ایس محمد یوسف

مقاصد

(۱) اسلام کی خوبیاں اور برکات کا ذکر کرنا۔ دیگر مذاہب پر اس کی فضیلت ظاہر کرنا
(۲) غیر مذاہب میں تبلیغ اسلام کے اہم فرائض کو ادا کرنا
(۳) دیگر مذاہب کے حملوں کا کامل اور صحیح جواب دینا۔
(۴) راعی اور رعایا کے تعلقات کو مضبوط بنانا
(۵) مختلف اقوام میں رشتہ اتحاد کو مستحکم کرنا۔

جلد ۲۶ | اخبار نور قادیان دارالامان مورخہ ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۳۷ء مطابق ۵ صفر المظفر سنہ ۱۳۵۶ھ | نمبر ۱۶

اَبّ تو گلہ کی کوئی گنجائش نہیں رہی

گذشتہ دنوں مجھے چند دوستوں نے یہ لکھا کہ اخبار نور جو کسی وقت غیر مذاہب میں تبلیغ کا زبردست آرگن تھا۔ اب یہ دیکھکر تکلیف ہوتی ہے کہ بعض دفعہ ادویہ کے اشتہار کا ذریعہ بن رہا ہے۔ بیشک ایک حد تک یہ بات صحیح ہے۔ مگر اس کی ذمہ داری مجھ پر نہیں بلکہ قوم پر پڑتی ہے جس نے ایک بےنظیر تبلیغی صحیفہ کی جانب سے بہت حد تک آنکھیں پھیر لیں، حالانکہ نور کے تبلیغی مضامین اور اس کے عملی تبلیغی کارناموں کے اور تو اور دشمن بھی معترف ہیں۔ میں یہ بات کسی بڑائی کے لئے نہیں بلکہ تحدیث بالنعمت کے طور پر کہتا ہوں کہ آریوں کے متعلق عموماً اور سکھوں کے متعلق خصوصاً جو نور نے تبلیغی لٹریچر مہیا کیا۔ سب سے بڑھ کر نور کو خوشی ہوگی۔ اگر کوئی یہ ثابت کر دے کہ کسی نے اس لٹریچر میں اضافہ کیا ہو۔ میں دوستوں کی گزشتہ بے رُخی کو نظر انداز کرتے ہوئے ناظرین کو ایک اور سنہری موقع دیتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ اب میں بطور آزمائش قریباً چار ماہ تک اپنے اخبار میں ادویہ کا کوئی غیر معمولی یا دو صفحہ سے زیادہ کا اشتہار نہیں دوں گا (جس میں ڈیڑھ ماہ گذر گیا) اور اخبار کا حجم سولہ ۱۶ صفحوں سے کم نہ ہوگا۔ اور ان چار ماہ میں نور کی قیمت بجائے تین روپے کے ایک روپیہ آٹھ آنے مقرّر کی جاتی ہے۔ پھر ان کتب میں سے ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں جن کا اندراج اسی اخبار کے صفحہ دو ۲ پر ہے۔ خریداروں کو مُفت دی جائیں گی۔ گویا بالفاظ دیگر اخبار دوستوں کو مفت پڑے گا۔ اگر اس چار ماہ کے عرصہ میں "نور" کے ایک ہزار خریدار ہو گئے۔ تو میں یہ وعدہ کرتا ہوں کہ آئندہ اسے اشتہار کا ذریعہ نہیں بنایا جائے گا۔ اور "نور" کی قیمت بھی ہمیشہ کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے ہی رہے گی۔ اور علاوہ ازیں ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں بھی مفت ملا کریں گی۔ اب دوستوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اس عرصہ میں نور کی اشاعت ایک ہزار تک پہنچا دیں۔ اور جو سہولتیں دی گئی ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر دوست ذرا بھی ہمّت سے کام لیں۔ تو ایک ماہ میں ہی نور کی خریداری ایک ہزار تک پہنچ سکتی ہے۔

اگر اب بھی دوستوں نے نور جیسے مجاہد اور غازی پرچہ کی توسیع اشاعت اور اعانت سے گریز کیا۔ تو پھر کم از کم ایڈیٹر نور بری الذّمہ ہوگا۔

دوستوں کے جواب باصواب کا منتظر

خاکسار:۔ ایڈیٹر اخبار نور قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

اس اخبار کا صفحہ ۲ دو ضرور مُلاحظہ کیجیے

(الفرض مہتمم ...) پریس قادیان میں باہتمام چودھری عطاء اللہ خان ... فاضل پرنٹر چھپ کر ایس محمد یوسف ایڈیٹر و پبلشر نے قادیان ضلع گورداسپور سے شائع کیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۞ نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

دوستوں کی خدمت میں ضروری گزارش

برادرانِ ملّت ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دوستوں کے اس قابل تعریف تقاضہ پر کہ وہ نور کو آج سے بارہ [۱۲] سال پہلے کی شان میں جبکہ اپنے و بیگانے غیر مذاہب میں تبلیغ کے لئے اس کے زبردست آرگن ہونے کے معترف تھے دیکھنا چاہتے ہیں۔ دوستوں کی اس واجبی خواہش کا خیر مقدم کرتے ہوئے میں ۳۱ مارچ سے یہ اعلان کر رہا ہوں کہ بطور آزمائش چار ماہ کے لئے نور کا چندہ بجائے تین روپے کے ایک روپیہ آٹھ آنے کیا جاتا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں بھی مفت دی جائیں گی۔ اگر ایک ہزار تک خریداری پہنچ گئی تو مستقل طور پر نور کا چندہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ) سالانہ مقرر رہے گا۔ اور ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں بھی مفت ملتی رہیں گی۔ اور انشاءاللہ نور اپنی تبلیغی شان میں ۱۹۲۵ء سے بڑھ چڑھ کر نظر آئے گا۔

جن دوستوں کے نام اسی اخبار کے تیرہ [۱۳] صفحہ پر درج ہیں۔ ان کا چندہ مارچ سے ختم ہے۔ آئندہ سال کا چندہ وصول کرنے کے لئے یکم مئی کو ان میں سے ہر ایک کے نام ایک روپیہ چودہ آنے کا وی۔ پی بالتفصیل ذیل روانہ ہوگا:۔

چندہ اخبار ایک سال بجائے تین روپے کے ۔ ایک روپیہ آٹھ آنے عہ

محصول ڈاک وی۔ پی .... تین آنے .... ۳؍

ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابوں کا محصول .... تین آنے .... ۳؍

میزان ایک روپیہ چودہ آنے ۱ہم

وی۔ پی پیکٹ میں کسی بھائی کے نام کتابیں نہیں بھیجی جائیں گی۔ کیونکہ جو دوست وی۔ پی واپس کر دیتے ہیں۔ واپسی پر کتابوں کی صورت اسقدر بگڑ جاتی ہے کہ آئندہ کوئی گاہک ایسی کتابوں کے لینے کے لئے آمادہ نہیں ہوتا۔ وی۔ پی کی وصولی پر ایک ہفتہ کے اندر اندر ہی دوستوں کو کتابیں پہنچ جائینگی — اگر دوست ۲۵؍ اپریل سے پہلے بذریعہ منی آرڈر ایک روپیہ چودہ آنے (۱ہم) بھیج سکیں تو اور بھی اچھا رہے گا۔ منی آرڈر موصول ہونے پر فی الفور کتابیں ارسال خدمت ہوں گی۔ کتابوں کی فہرست اس صفحہ کے دائیں جانب ملاحظہ فرمایئے۔ ان میں سے ایک روپیہ آٹھ آنے کی جونسی کتابیں مطلوب ہوں اس سے آگاہ کر دیجئے۔ آپ کی طرف سے جواب نہ آنے پر دفتر اپنے انتخاب سے ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں بھیج دے گا۔

غیر مذاہب میں نور کو ایک مبلّغ اعظم دیکھنے کا یہ سنہری موقع ہے۔ اگر دوستوں نے جنھیں اس قدر سہولتیں دی گئی ہیں۔ میرے ساتھ تعاون کیا۔ تو وہ انشاءاللہ ہمیشہ کے لئے نور کو غیر مذاہب میں تبلیغ کے لئے ایک بے نظیر بہادر جرنیل کی صورت میں دیکھ سکیں گے۔

لہٰذا دوستوں کا یہ فرض ہے کہ وہ نہ صرف خود ہی وی۔ پی وصول فرمائیں۔ بلکہ اپنے احباب کرام میں بھی "نور" کی توسیع اشاعت کے لئے مؤثر مربیانہ سعی سے کام لیں۔ تاکہ اخیر جون تک اس کی اشاعت ایک ہزار تک پہنچ سکے۔ والسلام

آپ کا خیر اندیش

خاکسار:۔ ایڈیٹر اخبار نور قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

فہرست کتب

بابا نانک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب
قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

مسلمانوں کے احسان سکھوں پر قیمت ۵؍

سکھ اور مسلمان
قیمت ۸؍

سکھ مسلم اتحاد
قیمت ۸؍

ہندو دھرم کی حقیقت
قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

آریہ مذہب کی حقیقت
قیمت ۶؍

گائے اور سکھ دھرم
قیمت ۱؍

یہ اصل قیمتیں ہیں محصول ڈاک اس کے علاوہ ہوگا

ان کتابوں کے متعلق صرف یہی کہہ دینا کافی ہے کہ اپنے اور بیگانے سب مان چکے ہیں۔ کہ غیر مذاہب میں تبلیغ کے لئے یہ لٹریچر اپنی نظیر آپ ہی ہے۔

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار نور قادیان
ضلع گورداسپور
پنجاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۞ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ویدک دھرم اور رواداری

۳۱ مارچ کا پرتاب لکھتا ہے کہ "خان عبدالغفار خان نے گوروکل وشوودیالہ کانگڑی کے سالانہ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "میں نے گیتا اور رامائن کا مطالعہ کیا ہے۔ اور میں اس مطالعہ کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ ویدک دھرم رواداری کی تعلیم دیتا ہے"" اس پر پرتاپ ان سطور کا اضافہ کرتا ہے کہ "یہ کسی ہندو کے الفاظ نہیں ایک مومن کے ہیں۔ اسپر بھی اگر کوئی مسلمان ہندوؤں پر غیر رواداری کا الزام لگائے۔ تو یہی کہنا پڑے گا کہ وہ تعصب کے زیر اثر ایسا کر رہا ہے"" اس نوٹ سے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ عبدالغفار خان صاحب رواداری سے کام لے رہے ہیں یا ویدک دھرم؟ کسی مذہب کی رواداری کا اندازہ لگانے کے لئے تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔

اول یہ کہ وہ مذہب اپنوں کے ساتھ کیا سلوک کرتا ہے۔

دوم یہ کہ بیگانوں کے ساتھ اس کا برتاؤ کیسا ہے

سوم یہ کہ بحالت جنگ دشمنوں کے ساتھ وہ کیا طریق اختیار کرتا ہے۔

سب سے اول میں اپنوں کے متعلق ویدک دھرم کے سلوک پر روشنی ڈالتا ہوں۔ ہندوؤں کے ہاں چار جماعتیں ہیں۔ برہمن۔ کشتری۔ ویش اور شودر خواہ کچھ ہو ہندو شودروں کو اپنے میں سے سمجھتے ہیں۔ بلکہ بعض ہندو لیڈر فخریہ یہ کہتے ہیں کہ شودر ہمارے گوشت کا پوست ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہندوان کہلانے والے شودروں سے جنھیں یہ اپنے گوشت کا پوست کہتے ہیں کیا سلوک کرتے ہیں۔ منوادھیائے ۴ شلوک ۸۹ میں یہ لکھا ہے کہ جو شخص شودر کو دھرم کا اپدیش (تبلیغ) کرتا ہے وہ مع اس شودر کے دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں گرایا جاتا ہے"۔ اب غور کیجئے کہ محض اس قصور پر کہ ایک آدمی کہلانے والے شودر کو وعظ و نصیحت کرتا ہے اور اسے برائیوں سے منع کر کے نیکیوں کے کرنے کی ہدایت کرتا ہے۔ محض اس دوش پر یہ نصیحت سنانے والا اور سننے والا دوزخ میں دھکیلے جائیں گے۔ برخلاف اس کے اسلام یہ فرض قرار دیتا ہے کہ تم لوگوں کو وعظ اور نصیحت کرو۔ جیسا کہ فرقان حمید کی اس آیت کریمہ سے ظاہر ہے ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینھون عن المنکر واولئک ھم المفلحون۔ جس کا ترجمہ یہ ہے:۔ اور ہو جائے تم میں سے ایک جماعت جو نیکی کی طرف بلائے اور بھلائی کا حکم دے اور بدی سے منع کرے۔ اور ایسے لوگ ہی مفلح ہوتے ہیں۔

اب غور کیجئے۔ کہ دونوں کے نقطۂ نگاہ میں کتنا فرق ہے۔ ایک وہ جو اور تو اور اپنوں کے لئے بھی نیکی اور بھلائی کی باتیں کہنا روا نہیں رکھتا۔ دوسرا وہ جو یہ تاکید کرتا ہے کہ لوگوں کو بھلائی کی طرف بلانا تمہارا فرض ہے۔ اب دونوں میں سے کونسا مذہب رواداری کا ثبوت دے رہا ہے۔ اسے دوست خود ہی بہتر سمجھ سکتے ہیں۔ حوالے تو اور بھی بہت ہیں۔ جو بلاشبہ سینکڑوں کی تعداد میں ہوں گے جسے میں محض طوالت کی وجہ سے نظر انداز کرتا ہوں۔ ہاں اگر کسی کو انکار ہوا تو بخوشی پیش کئے جائینگے۔

اب میں دوسری صورت کو لیتا ہوں کہ بیگانوں کے ساتھ ہندو دھرم کا سلوک کیسا ہے؟ ستیارتھ پرکاش ۱۸۹/۵ پر یہ لکھا ہے کہ "ادھرمی (ویدوں کے نہ ماننے والا) خواہ سب سے بڑھ کر صاحب وسیلہ نہایت طاقتور اور صاحب لیاقت بھی ہو تو بھی اس کی بربادی تنزل و تخریب میں لگا رہے"۔ اس کے مقابل ذرا اسلام کی رواداری ملاحظہ ہو۔ شری سوامی دیانند صاحب بانئ سماج جب پہلی دفعہ ۱۸۷۷ء میں لاہور تشریف لائے تو سب ہندوؤں نے انھیں ٹھیرانے سے انکار کر دیا۔ ایسے وقت میں لاہور کے مشہور ڈاکٹر خان بہادر رحیم یار خاں مرحوم نے سوامی موصوف کیلئے اپنی کوٹھی خالی کر دی۔ اور یہی صورت سوامی موصوف کے ساتھ امرتسر میں پیش آئی۔ جہاں کہ ایک مسلمان رئیس میاں محمد جان نے سوامی صاحب موصوف کیلئے اپنی شاندار کوٹھی کے دروازے کھول دیئے۔ اب دونوں میں سے رواداری کا نمونہ کس مذہب نے دکھلایا عیاں راچہ بیاں۔ پھر اور غور کیجئے کہ ایک مسلمان ہندو کے ہاں کھانا کھا سکتا ہے۔ مگر ہندو نہیں کھا سکتا۔ پھر اور دیکھئے کہ ایک مسلمان گوجر اپنے ہاتھوں سے اپنے برتن میں دودھ دوہ کر لاتا ہے۔ مگر جب وہ دودھ ایک ہندو حلوائی کے برتن میں جا چکتا ہے۔ تو پھر مسلمان کے ہاتھ لگانے سے وہی دودھ بھرشٹ اور ناپاک ہو جاتا ہے۔ اب دیکھیئے کہ ان معاملات میں کونسا مذہب رواداری سے کام لے رہا ہے۔ آج تک کئی ہندوؤں اور خصوصاً آریوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک میں شوخ کتابیں لکھیں۔ رنگیلا ..... وغیرہ کسی تشریح کی محتاج نہیں۔ اگر مسلمان بھی چاہتے تو وہ بھی کئی رنگیلے لکھ سکتے تھے۔ مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا۔ کیونکہ بعض حالات میں کئی ایک مسلمان قرآن مجید کی اس تعلیم کے ماتحت کہ لِکُلِّ قَوْمٍ ھَادٍ شری کرشن اور شری رامچندر وغیرہ کو بھی اپنا بزرگ سمجھتے ہیں۔ اب آپ خود ہی غور کریں کہ کونسا مذہب یا کس مذہب کے پیرو رواداری سے کام لے رہے ہیں۔ واقعات سامنے ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

اب میں اس بات کی طرف آتا ہوں کہ جنگ میں ویدک دھرم کہاں تک رواداری سے کام لیتا ہے کیونکہ جنگ ہی ایک ایسی چیز ہے جس میں کسی کی بردباری تحمل یا رواداری کا پتہ لگ سکتا ہے۔ کیونکہ اس وقت جذبات بھڑکے ہوئے ہوتے ہیں۔ ؂

ورنہ امتحاں بغیر تو یہ آپ کا غلام
قائل نہیں ہے قبلہ کسی شیخ وشاب کا

یجروید بارہ منتر تیرہ ادھیائے میں لکھا ہے:۔ کہ "اے راج پرش آپ دھرم کے مخالف دشمنوں کو آگ میں جلا ڈالیں۔ اے جاہ و جلال والے پرش وہ جو ہمارے دشمنوں کو حوصلہ دیتا ہے۔ آپ اس کو الٹا لٹکا کر خشک لکڑی کی طرح جلائیں"۔ پھر اور ملاحظہ کیجئے یجروید ۱۳ منتر ۱۳ ادھیائے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"اے تیج دھاری و دوان پرش آپ تیز رو دشمن کے کھانے پینے یا دیگر کام کاج کے مقامات کو اچھی طرح سے اُجاڑیں اور ان کو اپنی تمام طاقت سے ماریں" پھر اور دیکھئے یجروید ۱۵ ادھیائے ۱۵ منتر :- جس ایذا رساں شخص کی ہم لوگ مخالفت کرتے ہیں کہ جو ایذا دینے والا ہم سے دشمنی کرتا ہے۔ اس کو ہم شیر وغیرہ کے منہ میں ڈال دیں" میں ان ویدک احکام پر اپنی طرف سے کوئی حاشیہ نہیں دینا چاہتا۔ اس کے بالمقابل آپ ذرا قرآن مجید کی تعلیم جنگ کے متعلق ملاحظہ کیجئے۔ قرآن مجید میں صرف ان ہی لوگوں کے ساتھ لڑنے کا حکم ہے جو خود لڑائی میں پہل کرتے ہیں۔ اور پھر قرآن مجید اس کے ساتھ یہ بھی تاکید کرتا ہے کہ "لڑائی میں حد سے نہ بڑھو" یعنی جتنا دشمن نے تمہارا نقصان کیا ہے اتنا ہی کرو۔ اور اگر اس سے تجاوز کرو گے تو تم ظالم ٹھیرو گے۔ اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ۔جیساکہ قرآن مجید کی ان آیات سے ظاہر ہے۔

وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ○ وَاقْتُلُوْھُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْھُمْ وَاَخْرِجُوْھُمْ مِّنْ حَیْثُ اَخْرَجُوْکُمْ وَالْفِتْنَۃُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ج وَلَا تُقٰتِلُوْھُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰی یُقٰتِلُوْکُمْ فِیْہِ ج فَاِنْ قٰتَلُوْکُمْ فَاقْتُلُوْھُمْ کَذٰلِکَ جَزَآءُ الْکٰفِرِیْنَ ○ فَاِنِ انْتَھَوْا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ وَقٰتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَّیَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰہِ ط فَاِنِ انْتَھَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَی الظّٰلِمِیْنَ ○ (بقرہ پ ۲) کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ کُرْہٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّھُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَقَاتِلُوْھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○ (سورۃ بقرہ)

ترجمہ جو لوگ تم سے لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں ان سے لڑو اور زیادتی نہ کرو۔ بیشک ظالم لوگ خدا کو نہیں بھاتے (لڑائی کے وقت) جہاں اُن کو پاؤ لڑو اور جہاں سے (تمہارے گھروں) سے انھوں نے تم کو نکالا ہے انکو نکال دو۔ فتنہ و فساد قتل قتال سے بھی بڑا ہے اور مسجد الحرام (کعبہ) کے قریب جب وہ خود نہ چھیڑیں تم نہ لڑو۔ پس وہ اگر شروع کریں تو بے شک مارو اسی طرح کافروں کا بدلہ ہے۔ اگر باز آ جائیں۔ تو خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ ان سے لڑو تاکہ فتنہ نہ رہے اور کل قانون خداوندی ہو جاوے۔ اگر لڑنے سے باز آ جاویں تو بجز ظالموں کے کسی پر ہاتھ نہ بڑھاؤ رفع شر کا تمہیں حکم ہوا ہے۔ اور تم اس کو ناپسند کرتے ہو (تمہاری سمجھ سے) عجب نہیں کہ تم ایسی چیز کو بھی جو واقع میں تمہیں مفید ہو نا پسند کرنے لگو اور مضر کام کو بھلا سمجھ لو۔ خدا خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اللہ کی راہ میں لڑو اور جانو خدا سنتا اور جانتا ہے"

اب غور کیجئے کہ اسلام نے اثنائے جنگ میں بھی جبکہ احساسات بہت اضطرابی حالت میں ہوتے ہیں کیسی سلامت روی، رواداری کی تعلیم دی ہے فاتح مفتوح پر کیا کیا سختیاں روا نہیں رکھتے۔ سیاسی نقطۂ خیال سے جنگ کا ایک یہ بھی اصول ہے کہ دشمن کو اس قدر ناکارہ بنا دو کہ آئندہ وہ کبھی اُٹھ نہ سکے۔ ہو سکتا ہے کہ وقتی طور پر شاید یہ چال کچھ مفید ہو سکتی ہو۔ مگر اس سے مفتوح کے دل میں اپنی ذلت کی وجہ سے جو بدلہ لینے کا خیال پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ اندر ہی اندر اپنا کام کرتا رہتا ہے۔ گو وقتی طور پر آگ دب جاتی ہے۔ مگر اندر ہی اندر سلگتی رہتی ہے۔ اور موقع آنے پر وہ اس تیزی سے بھڑکتی ہے کہ اس کے شعلے آسمان تک پہنچ جاتے ہیں مگر اسلام یہ کہتا ہے کہ تم پہلے کسی پر حملہ نہ کرو۔ اگر تم پر کوئی حملہ کرے تو مقابلہ کرو۔ مگر مقابلہ میں بھی اس بات کو خصوصیت سے مد نظر رکھو کہ حد سے تجاوز نہ کرو۔ یعنی جتنا دشمن نے تمہیں نقصان پہنچایا ہے اتنا ہی نقصان پہنچاؤ۔ اور حد سے بڑھنے والوں کو ظالم قرار دیا ہے۔ اور حد سے بڑھنے سے ہی دنیا میں بدامنی پیدا ہوتی ہے۔ اگر آج اسلام کے اس سنہری اصول پر عمل ہو سکے تو یہ دنیا کی بدامنی باہمی کشیدگی اور تنفر۔ امن۔ صلح اور رفاقت میں بدل سکتی ہے اسلام نے سیاسیات میں بھی ایسی بے نظیر رواداری کا ثبوت دیا ہے جو دنیا میں اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ مسلمان ہندوستان میں جب برسر اقتدار تھے۔ اور تو اور علاوہ وزارتوں کے سپہ سالارتک کے عہدے ہندوؤں کو دئے گئے اورنگ زیب علیہ الرحمۃ جسے ہندو بہت متعصب سمجھتے ہیں اس کے عہد میں ہندوؤں کو سپہ سالاری کا فخر بخشا گیا۔ اس سے بڑھ کر رواداری اور کیا ہو سکتی ہے سپہ سالاری کے عہدہ کی اہمیت اظہر من الشمس۔ پھر دور کیوں جاؤ۔ اسوقت پنجاب میں مسلمان ساٹھ فیصدی۔ اور ہندو وغیرہ چالیس فیصدی۔ مگر پنجاب میں جو نئی وزارت قائم ہوئی ہے۔ اس میں تین مسلمان وزیر ہیں۔ اور تین ہندو۔ کیا کوئی ہندو صوبہ بھی ایسی نظیر پیش کر سکتا ہے یقیناً نہیں۔ مصر میں قبطیوں کی آبادی برائے نام ہے۔ مگر مسلمانوں نے قبطیوں کو اُن کی تعداد سے بہت زیادہ نمائندگی دیدی ہے۔ اگر اس پہلو میں ہندو دوست بھی کوئی عملی قدم اُٹھا سکیں تو یقیناً آج ہی ہندوستان کا نقشہ بدل سکتا ہے ♦

شذرات

کیا یہ درست ہے؟

۲۹ مارچ کا پرتاپ لکھتا ہے کہ "کانگریس ایک سیلاب کی طرح دن بدن آگے بڑھ رہی ہے۔ جہاں تک ہندوؤں کا تعلق ہے کانگریس کی مخالفت قریباً ختم ہو چکی ہے۔ مگر مسلمانوں میں ابھی یہ حالت پیدا نہیں ہوئی" ہندو مہاسبھا کے پروگرام اور اس کا موجودہ طریق اور کانگریس کے متعلق اس کی ذہنیت ایڈیٹر صاحب پرتاپ سے پوشیدہ نہیں ہوگی۔ پھر وہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہندوؤں سے کانگریس کی مخالفت ختم ہو چکی ہے۔ صوبہ سرحد نے جہاں کہ قریباً سو فیصدی مسلمان ہیں جس شدومد سے کانگریس میں حصہ لیا ایڈیٹر صاحب پرتاپ اس سے بے علم نہیں۔ اگر آج ہندو مہاسبھا کی ذہنیت مسلمانوں کے متعلق بدل سکے تو یقیناً مسلمانوں کو ہر ایک ملکی مفاد کے میدان میں آپ سب سے آگے پائیں گے

ہندو اور چھوت چھات

۲۲ مارچ کا پرتاپ لکھتا ہے کہ "موضع نوری والی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تھانہ سانگلہ ہل میں چند سکھوں نے مذہبی سکھوں کو گوردوارہ میں داخل ہونے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ اس پر نہایت تشویشناک صورت حالات پیدا ہو گئی ہے۔"

ہندوستان میں نہ صرف سکھوں بلکہ ہندوؤں کے دوسرے فرقوں میں بھی کم و بیش یہی رواج موجود ہے۔ اچھوت اودھار کے معاملہ میں آریہ سماج اور سکھ ہندوؤں میں آگے آگے ہیں۔ جب ان میں چھوت چھات کا یہ حال ہے کہ اور تو اور اچھوت لوگ گوردواروں اور مندروں میں جا کر خدا کی عبادت بھی نہیں کر سکتے تو اس کے آگے اصلاح کا ذکر ہی کیا۔ ہاں یہ صرف اسلام ہی ہے۔ جو چھوت چھات کی بڑی سختی سے بیخ کنی کرتا ہے اس کا یہ ثبوت ہے کہ اسلامی ممالک میں کوئی اچھوت نہیں۔ مسلمانوں کی مسجدیں سب مسلمانوں کے لئے کھلی ہیں۔ اگر کہلانے والے اچھوت حقیقی معنوں میں مساوات کے خواہشمند ہیں تو ان کی یہ بابرکت خواہش صرف اسلام میں ہی پوری ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اگر اچھوت مستقبل میں اپنی بہتری کے جویاں اور اسلام کے ہمدرد ہیں تو انھیں فوراً اپنی اولاد کے سایہ رحمت میں آ جانا چاہئے۔

اسلام بزور شمشیر نہیں پھیلا

۹ر مارچ کا جاگرت لکھتا ہے کہ "پنجاب میں اسلام کیسے پھیلا؟ اس مضمون پر پروفیسر گلشن رائے کا ایک لیکچر حال ہی میں اخبارات میں شائع ہوا ہے۔ ان کے اس موضوع کے متعلق خیالات میں کسی کو کتنا ہی اختلاف کیوں نہ ہو۔ مگر ان کے بیان کے اس حصّے کو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اسلام کی تبلیغ میں مسلمان فقراء کا کافی ہاتھ رہا ہے یہ ایک حقیقت ہے کہ پرانے زمانے میں خدا پرستی کا پرچار کرنے والے مسلمان صوفیوں فقیروں کی درگاہیں۔ جو بڑے اسلام کی تبلیغ کا اڈا بنے رہے ہیں۔"

جو شخص خالی الذہن ہو کر اس پر غور کرے گا۔ اسے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اسلام بزور شمشیر نہیں پھیلا بلکہ اپنی خوبی سادگی مساوات اور روحانیت کے طفیل اشاعت پاتا رہا ہے۔ اسوقت کیا تمدنی اور کیا سیاسی پہلو سے مسلمان ایک گونہ انحطاط میں ہیں

ہندوستان کی ہر ایک مردم شماری مسلمانوں کا خاصہ اضافہ اپنے ساتھ لاتی ہے۔ حالانکہ اسوقت کسی مسلمان کے ہاتھ میں تلوار نہیں۔ جس کا مطلب صاف ہے کہ اسلام ہر زمانہ میں اپنی بے نظیر خوبیوں کی وجہ سے لوگوں سے خراج تحسین حاصل کرتا رہا ہے۔

دسم گرنتھ اور سکھ صاحبان

۱۲ر مارچ کا شیر پنجاب لکھتا ہے کہ "میں پروفیسر گنگا سنگھ اور ان کے یاروں کو چیلنج دیتا ہوں کہ وہ تریہ چرتر (دسم گرنتھ صاحب کے ایک حصہ کا نام ہی) کا حرف بحرف پنجابی ترجمہ چھاپ کر دکھائیں۔ اگر ان کا اخبار لوگوں نے پڑھنا نہ چھوڑ دیا تو میرا ذمہ اگر پروفیسر گنگا سنگھ یا سردار جسونت سنگھ وہی الفاظ جو تریہ چلتر میں درج ہیں اپنے رسالہ میں درج کر دیں تو یقیناً پولیس ان کے خلاف فحش نویسی کے الزام میں زیر دفعہ ۲۹۲ تعزیرات ہند مقدمہ چلا دے گی اس قسم کی دھرم اور پایہ تہذیب سے گری ہوئی تحریروں کو گورو گوبند سنگھ صاحب کی بانی (قول) کہنا سخت گستاخی ہے"۔ میرے خیال میں تمام سکھ صاحبان مشترکہ رنگ میں یہ اعلان کر دیں کہ دسم گرنتھ گورو گوبند سنگھ کا کلام نہیں ہے۔ اور اس لئے سکھ اس گرنتھ کو معتبر نہیں سمجھتے تو زیادہ اچھا رہیگا

ہندو عورت کی مشکلات

حال ہی میں شیام کماری نہرو کی زیر ادارت ایک کتاب شائع ہوئی ہے۔ جس میں ہندوستان کی متعدد خواتین نے ان ضروری مسائل پر بحث کی ہے۔ جو عورتوں کے متعلق ہیں۔ مختلف مذاہب کی ۳۹ مضمون نگار خواتین نے نسوانی مسائل پر اپنے اپنے خیالات ظاہر کئے ہیں:۔ "ہندو عورت کی مشکلات" کے عنوان سے "سلوچنا ڈولکار" نے بھی ایک مضمون لکھا ہے۔ جس میں خاتون موصوفہ نے حسب ذیل مشکلات کا ذکر کیا ہے جو اس تہذیب و تعلیم کے زمانہ میں بھی ہندو عورت کی راہ میں حائل ہیں۔

(۱) ہندو عورت کو نکاح ثانی کی اجازت نہیں (۲) صغر سنی میں اس کی شادی ہو جاتی ہے (۳) شادی میں اس کی مرضی کا کوئی دخل نہیں (۴) اُسے مذہبی علوم و فنون یعنی وید پڑھنے کی اجازت نہیں (۵) اُسے اپنے نام سے جائداد خریدنے کا حق حاصل نہیں (۶) اس کی حیثیت خاوند کی رفیقۂ حیات کی نہیں بلکہ کنیز کی ہے۔ (۷) اگر خاوند بدسلوکی کرے تو وہ چھٹکارا نہیں حاصل کر سکتی (۸) والدین کی جائداد میں سے ترکہ کی حقدار نہیں۔ (۹) بیوہ عورت کی حالت قابل رحم ہے (۱۰) شہریت کے حقوق حاصل نہیں

ان مشکلات کا واحد حل قرآن پاک ہے۔ ثبوت کے لئے قرآن مجید کی آیات ملاحظہ ہوں:۔

(۱) وانکحوا الایامیٰ منکم (۱۸/۲۴) فبلغن اجلھن فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن اذا تراضوا بینھم بالمعروف (۲/۲) (۲) ماطاب لکم (۴/۱) (۳) فاذا بلغن اجلھن فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسھن بالمعروف (۴) ان المسلمین والمسلمات والمومنین والمومنات تا آخر آیۃ واجرا عظیما (۲۲/۳۳) (۵) ولا یحل لکم ان تاخذوا اتیتموھن شیئا (۲/۲۹) (۶) لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثیٰ (۴/۳) ھن لباس لکم وانتم لباس لھن (۲/۲۳) (۷) فان خفتم الا یقیما حدود اللہ فلا جناح علیھما فیما افتدت بہ (۲/۲۹) (۸) یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین (۴/۲) (۹) وصیۃ لازواجھم متاعا الی الحول غیر اخراج فان خرجن فلا جناح علیکم فی ما فعلن فی انفسھن من معروف (۲/۱۴) (۱۰) ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف (۲/۲۸)

یہ وہ حقائق ہیں جنہیں نولاً قرآن یا اسلام کے حقائق کے بطور ہندو دنیا مانے یا نہ مانے عملاً ماننے پر مجبور ہے۔

اچھوتوں پر ہندوؤں کے انتہائی مظالم

احمد آباد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ تعلقہ دھولکا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ضلع احمد آباد کے موضع دھنوادا میں حال میں جبکہ ایک ڈرامہ ہو رہا تھا تو اعلیٰ ذات کے ہندوؤں اور ہریجنوں میں جھگڑا ہو گیا۔ جس میں کئی ہریجن مجروح ہوئے بیان کیا جاتا ہے کہ ڈرامہ دیکھنے کے لئے اعلےٰ ذات کے ہندو اور ہریجن دونوں جمع تھے۔ ہریجن چارپائیوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اعلیٰ ذات کے ہندوؤں نے جب ایسا دیکھا تو وہ برافروختہ ہو گئے۔ اور جانبین میں سخت کلامی شروع ہو گئی۔ اور پھر نوبت مار پیٹ تک پہنچ گئی اور کئی ہریجن مجروح ہوئے۔ جن کو ڈھولکا کے ہسپتال میں پہنچا دیا گیا۔

آریہ سماج کو بچاؤ

اس عنوان سے اخبار پرکاش کے ۲۱ر مارچ کے پرچہ میں مہاشہ کرشن نے ایک لیڈنگ آرٹیکل چھاپا ہے۔ جس کی شروع کی چند سطور یہ ہیں:۔

"یہ کیا شور ہے جو آریہ سماج میں سنائی دے رہا ہے؟ آریہ سماجوں کی شرومنی سبھا آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب اس وقت ایک دنگل بن رہی ہے۔ جہاں مختلف پہلوان اپنے اپنے زور کی نمائش کر رہے ہیں۔ پرتی ندھی سبھا کے اندرونی جھگڑوں کا آریہ سماجوں پر بڑا اثر پڑ رہا ہے اور چاروں طرف اُداسی چھا رہی ہے۔ اُتساہ کہیں نظر نہیں آتا۔ جب کسی آریہ سے ملو وہ اس بات کی شکایت کرتا ہے کہ اپنے جھگڑوں کی وجہ سے آریہ سماج نیچے کو جا رہا ہے پچھلے دنوں مجھے میرے آریہ بھائی لالہ بھو رام نیئر نے لکھا کہ:۔ میں برسوں سے گوروکل کے لئے بھکشا کر رہا ہوں لیکن جس کٹھنائی کا مجھے اس بار سامنا ہوا ہے۔ آج تک کبھی نہیں ہوا۔ جس سے میں گوروکل کے لئے بھکشا مانگتا ہوں وہ پہلے یہ سوال اُٹھا دیتا ہے کہ اُپدیشک ودیالہ کا جھگڑا کیا ہے؟ بات بھی معقول ہے۔ اگر جنتا کو یہ معلوم ہو کہ ہمارا دیا ہوا دان اچھے مصرف میں نہیں آ رہا ہے۔ وہ کیوں دان دے۔ آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کے اندرونی اختلافات جو اس وقت خاص طور پر پبلک کے سامنے آ رہے ہیں ان کی بھاری وجہ دیانند اُپدیشک ودیالیہ کی ورتمان (موجودہ) اوستھا (حالت) ہے

آریہ سماج اور پردہ

۱۴ر مارچ کا آریہ اخبار پرکاش لکھتا ہے کہ "تین چیزیں پردہ کی مستحق ہیں۔ بھوجن۔ دولت۔ زنانہ۔" اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہندو لوگ کھانا بھی پردے میں کھاتے ہیں۔ اور دولت کے معاملہ میں بھی رازداری سے کام لیتے ہیں۔ مگر زنانہ کے متعلق فی زماننا کم از کم آریہ سماج چنداں پروا نہیں کرتا۔ حالانکہ پرانی ضرب المثل جس کا حوالہ پرکاش نے دیا ہے یہ تین چیزیں پردہ کی مستحق ہیں۔ یہ کسی حقیقت پر مبنی ہے۔ کیونکہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ امثلہ بڑے لمبے تجربہ کے بعد وضع کی جاتی ہیں۔ یہ بھی صحیح ہے کہ آریہ سماج یا ہندو صاحبان موجودہ بے پردگی کا خمیازہ بھی ساتھ ساتھ اُٹھا رہے ہیں۔ مگر محض اسلئے کہ اسلام پردہ پر زور دیتا ہے۔ خصوصاً آریہ سماج اس سے متضاد راہ اختیار کر رہا ہے۔ اگر آریہ سماج اسلام کے اس سنہری اصول پر ایک یا دوسری وجہ سے عمل نہیں کر سکتا تو کم از کم اسے اپنی اس مذکورۃ الصدر مشہور ضرب المثل کا ہی کچھ پاس کرنا چاہیئے۔

اسلام سے پہلے بھی ہندوستان میں پردہ رائج تھا

۱۰ر اپریل کے پرتاپ میں کوئی اندرسین کوہلی بی۔ اے نامی لکھتے ہیں کہ "ہندو شاستروں میں عورت کو پردہ رکھنے کا تو کہیں نام نہیں۔ البتہ مسلمانی عہد حکومت میں ہندو سوسائٹی میں پردہ وغیرہ کی بد رسومات داخل ہو گئیں۔" یہ غلط ہے کہ ہندوستان میں پردہ اسلام کے ذریعہ رائج ہوا۔ حالانکہ بالمیکی رامائن میں لکھا ہے کہ "راون کے مرنے پر راون کی پٹ رانی (مندودری دیسنر) مہارانی راون کی نعش پر گریہ وزاری کرتی ہوئی کہتی ہے کہ ہے ناتھ (مالک) میں آپ کی پٹ رانی ہو کر برہنہ منہ بھری مجلس میں آئی ہوں۔ کیا یہ دیکھ کر بھی آپ کی غیرت جوش میں نہیں آتی اور اُٹھ کھڑے نہیں ہوتے۔" پھر جس وقت بھبکشن سیتا کو رامچندر جی کے پاس لائے۔ اسوقت اس جگہ سے سب لوگ ہٹا دیئے گئے۔ یہ دیکھ کر رامچندر نے کہا کہ "یہ سیتا کی بےبسی ہے اسوقت یہ پردہ کی پابندی نہیں کر سکتیں۔" یہ یقینی بات ہے کہ رامائن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے بہت پہلے کی تصنیف ہے۔ اسلئے یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ اسلام سے پہلے ہندوستان میں پردہ رائج نہ تھا۔ پرتاپ کا یہی نامہ نگار اپنے اسی مضمون میں آگے جا کر کہتا ہے

کہ "عورتوں کو پردہ سے باہر آنے پر غنڈوں کو شیطانی حرکات کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔" جب آپ ایک یا دوسری وجہ سے خود بھی پردہ کو محسوس کرتے ہیں تو پھر مخالفت کے کیا معنے۔ اور تو اور آریہ سماج کے مصلح اعظم سوامی دیانند صاحب بھی پردہ کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں۔ چنانچہ ستیارتھ پرکاش سمولاس ۳ صفحہ ۳۷ پر سوامی موصوف لکھتے ہیں کہ "لڑکے اور لڑکیوں کے مدرسے دو کوس کے فاصلے ہونے چاہئیں معلمہ نوکر چاکر لڑکیوں کے مدرسہ میں سب عورتیں ہی ہوں۔ زنانہ مدرسہ میں پانچ برس کا لڑکا اور مردانہ مدرسہ میں پانچ برس کی لڑکی بھی نہ جانے پائے۔" بتلایئے اس سے بڑھ کر پردہ کی تاکید اور کیا ہو سکتی ہے۔

اچھوت اور جناب گاندھی جی

۱۹ر اپریل کا پرتاپ لکھتا ہے کہ "مقامی ہندو سبھا کے سکرٹری کو متعدد دیہاتیوں کی طرف سے عرضداشت موصول ہوئی ہے۔ جس میں لکھا ہے کہ عیسائی مشنری احمد آباد کے متعدد دیہات میں پانچوا اچھوتوں کو عیسائی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں جلدی مداخلت کی جائے سکرٹری نے گاندھی جی کو اس کے متعلق لکھا ہے اور دریافت کیا ہے کہ کیا قدم اُٹھایا جائے۔" اچھوت اپنی موجودہ ناگفتہ بہ حالت سے نکلنے کے لئے بیقرار ہیں۔ ہندو مہا سبھا جب تک منوشاستر اور منوسمرتی وغیرہ کے قائل ہے۔ اس کے پاس اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ اسکا حل ہے اسلام کے پاس۔ جہاں کوئی بھی اچھوت نہیں سب مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ اگر جناب گاندھی جی واقعی اچھوتوں کے ہمدرد ہیں تو پھر انھیں اچھوتوں کو یہ کہدینا چاہیئے کہ تمہارے روحانی اور تمدنی مشکلات کا حل صرف اسلام میں ہی ہے۔

نُور اور نُور کے ناظرین

اس اخبار کے ٹائٹل پیج کے ملاحظہ سے آپ دوستوں کو یہ بات بخوبی روشن ہو جائیگی کہ کچھ عرصہ کے لئے نور کی قیمت بجائے تین روپے کے ایک روپیہ آٹھ آنے کر دی گئی ہے اور پھر ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں مفت ملینگی۔ موجودہ کاغذ کی گرانی میں اس سے بڑھ کر اور کوئی سستا اخبار نہیں ہو سکتا۔ اگر نور کی اشاعت ایک ہزار تک پہنچ جائے۔ تو پھر میں ہمیشہ کے لئے اس کی قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے کر دونگا۔ اور اس کے ساتھ ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں بھی مفت ملتی رہیں گی اور سکھوں اور آریوں کے متعلق مضامین بھی تبلیغی نقطۂ خیال سے بہترین سے بہترین مہیا کئے جائینگے لہٰذا دوستوں کا فرض ہے کہ وہ پوری جانفشانی سے کام لیں۔ تاکہ باقی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مسلمانوں کی آبادی میں اضافہ کے اسباب

(ایک حقیقت شناس ہندو کا اعتراف صداقت)

مدراس روٹری کلب کے ایک جلسہ میں حال ہی میں مسٹر ڈٹل اکونٹنٹ جنرل مدراس نے مشرق و مغرب میں آبادیوں کے اتار چڑھاؤ پر تقریر کرتے ہوئے ایک دلچسپ حقیقت کا انکشاف کیا کہ آبادی میں اضافہ محض قدرتی اسباب پر مبنی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر آپ ہندوستان کے نقشہ پر شمال مشرق کی طرف نگاہ ڈالیں۔ تو آپ کو یہ کیفیت نظر آئے گی کہ شمال مشرقی و سرحدی صوبہ میں مسلمانوں کی آبادی سب سے زیادہ ہے۔ پنجاب میں اس سے کم۔ بہار میں اور بھی کم۔ لیکن بہار میں دفعتہً اس میں حیرت انگیز اضافہ نظر آئے گا۔ مسٹر موصوف کہتے ہیں کہ شمال مغربی سرحدی صوبہ میں تو مسلمانوں کی فراوانی بآسانی سمجھ میں آسکتی ہے کہ یہ خطے ہندوستان کے مغربی سرحدات پر اسلامی ممالک کے قریب واقع ہیں اور باہر سے جو مسلمان آئے اور ان میں سے اکثر یہیں مقیم ہو گئے لیکن بنگال میں مسلمانوں کی تعداد میں زیادتی کی کیا وجہ ہے؟ کیا یہاں تلوار چلی یا حکومت کے اقتدار کا جادو چلا۔ مسٹر ڈٹل کہتے ہیں کہ ان میں کوئی بھی وجہ بنگال میں مسلمانوں کے اضافہ آبادی کا باعث نہیں ہے۔ اگر اسلامی غلبہ و اقتدار ہی اس کا باعث ہوتا۔ تو مسلمانوں کی سب سے زیادہ آبادی صوبہ جات متحدہ اور دہلی میں ہوتی۔ جہاں مسلمان صدیوں تک سریر آرائے حکومت رہے۔ لیکن حالت یہ ہے کہ ان ہر دو علاقوں میں مسلمانوں کی تعداد دیگر اقوام کے مقابلہ میں بالکل کم ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ بنگال میں مسلمانوں کی کثرت کو فتوحات اسلام یا دبدبۂ اسلام سے کوئی سروکار نہیں۔ یہ کثرت قطعاً طبعی اسباب پر مبنی ہے۔ اور جیسا کہ تاریخی حالات اور اعداد و شمار سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ بنگال میں مسلمانوں کی آبادی میں اضافہ برطانوی تسلط کے زمانے میں شروع ہوا ہے۔ اور اس تھوڑے سے وقفہ میں وہ حیرت انگیز طریق پر بڑھا ہے۔ غور تو کیجئے کہ سنہ ۱۹۳۱ء میں بنگال کے اندر مسلمانوں کی آبادی ۵۵ فیصدی تھی۔ جبکہ ہندوؤں کی تعداد ۴۳ فیصدی تھی

اس سے پچاس سال پیشتر یعنی سنہ ۱۸۸۱ء میں یہ صورت نہ تھی اس وقت مسلمانوں کی تعداد ۴۹ فیصدی اور ہندوؤں کی ۴۹ء۸ فیصدی تھی۔ یعنی ہندو مسلمانوں کی نسبت محض ۰ء۸ فیصدی کم تھے۔ گذشتہ پچاس سال میں مسلمانان بنگال کی آبادی میں ہر سال ایک فیصدی کا اضافہ ہوتا رہا ہے۔ جبکہ ہندوؤں کی آبادی میں اس کے نصف سے بھی کم۔ اس سے بآسانی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ سنہ ۱۷۸۱ء میں بنگال میں ہندوؤں کی آبادی ۵۰ فیصدی سے بھی زیادہ ہوگی۔ اور اسلامی حکومت کے عہد میں وہ یقیناً مسلمانوں کی نسبت زیادہ تھے۔ اور روز بروز ان کی آبادی میں اضافہ ہوتا رہا۔ صورت بنگال کے سپرنٹنڈنٹ مردم شماری کی رائے یہ ہے:۔ کہ بنگال میں ہندوؤں کی آبادی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ اس میں بہت جلد کمی واقع ہونی شروع ہو جائیگی اور اس کے مقابلے میں مسلمانوں کی آبادی میں اضافہ بدستور جاری رہیگا

مخالفین چاہے کچھ کہیں مسلمانوں کی آبادی میں اضافہ نہ حکومت کی وجہ سے نہ اقتدار سلطنت کے باعث نہ روپے کا لالچ غیر مسلموں کو مسلمان بننے پر آمادہ کر رہا ہے اور نہ کوئی اس قسم کا سبب مساعدت کر رہا ہے۔ ان کی تعداد میں اضافہ کی وجوہ صرف یہ ہیں کہ (۱) اسلام کی پاکیزہ و سادہ تعلیم زیادہ تعداد میں غیر مسلموں کو مسلمان بنا رہی ہے (۲) مسلمانوں کی غذا اور ان کے حالات ایسے ہیں کہ ان میں اضافہ آبادی کی زیادہ قوت ہے یہی وجہ ہے کہ صرف صوبہ سرحدی و پنجاب و بنگال ہی نہیں۔ بلکہ سارے ہندوستان میں ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

تین چیزیں یاد رکھو

(۱) تین اشخاص اپنی عادت سے مجبور ہیں:۔ ظالم ظلم سے سخی سخاوت سے۔ سچائی پسند سچائی سے۔

(۲) تین چیزیں زندگی میں صرف ایک بار ملتی ہیں۔ والدین۔ حسن۔ جوانی۔

(۳) تین اشخاص ہمیشہ غم میں مبتلا رہتے ہیں:۔ حاسد دولت مند۔ مفلس۔

(۴) تین شخص وقت پر پہچانے جاتے ہیں:۔ صابر مصیبت پر۔ بہادر مقابلہ پر۔ بھائی ضرورت پر

(۵) تین چیزیں دوسرے کے گھر میں رہ کر اصلی حالت میں نہیں آتیں۔ قلم۔ کتاب۔ عورت

(۶) تین چیزیں کسی کا انتظار نہیں کرتیں۔ وقت۔ موت۔ گاہک

(۷) تین چیزیں یاد رکھنے سے آدمی گناہ سے بچتا ہے۔ سچائی فرائض حقیقی۔ موت۔

(۸) تین چیزیں انسان کو تباہ کرتی ہیں۔ بدچلنی۔ غصہ۔ لالچ

(۹) تین اشیاء اصل مقصد سے روکتی ہیں۔ لالچ۔ عشق۔ غریبی

(۱۰) تین اشیاء تین چیزوں کو بھلاتی ہیں:۔ نیند بستر کو۔ بھوک جوٹھ کو۔ عشق ناطہ کو۔

(۱۱) تین چیزیں نکل کر واپس نہیں آتیں: کمان سے تیر۔ بات زبان سے۔ جان جسم سے۔

(۱۲) تین چیزیں ایک دوسرے سے نہیں ملتیں۔ شکل۔ خصلت۔ نصیب (قسمت)

(۱۳) تین چیزیں زبردست کی رہتی ہیں۔ دولت۔ زمین۔ عورت

(۱۴) تین چیزیں پردہ کی مستحق ہیں۔ بھوجن۔ دولت۔ زنانہ

(۱۵) تین اشیاء مصیبت پر دیکھی جاتی ہیں۔ دھیرج۔ دھرم۔ بھائی

(۱۶) تین چیزوں پر کبھی اعتبار نہ کرے۔ استری نادان دوست زندگی۔

(۱۷) تین ہستیوں سے کبھی بگاڑ نہ کرے۔ حکیم۔ باورچی۔ بھیدی

(۱۸) تین ہستیوں سے بھلائی کی امید نہ رکھے۔ خود غرض و دیسی حکومت۔ چغلخور۔

(۱۹) تین چیزوں کو ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ دھرم۔ امید۔ تحمل

(۲۰) تین چیزیں وحشت طاری کرتی ہیں۔ چور۔ سانپ۔ دیوانہ کتا

(پرکاش)

اسلامی حکومتوں میں غیر مسلموں کے حقوق کی حفاظت

بہت سے متعصب اور تنگ نظر لوگ مسلم فرمانرواؤں پر یہ الزام عائد کرتے ہیں کہ انہوں نے غیر مسلموں کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا۔ اور وہ ہمیشہ ان پر ظلم و ستم کرتے رہے۔ لیکن تاریخی شواہد سے یہ ثابت ہے کہ اسلامی حکومت کے آغاز ہی سے ہر قوم کو اپنی عبادات اور دینی و ملی معاملات میں پوری آزادی حاصل رہی۔ اور کسی شخص کو اس کے مذہبی معتقدات (و مراسم) کی وجہ سے تکلیف نہیں پہنچائی گئی۔

عہدِ خلافت سب سے پہلے حضرت صدیق اکبر رضؓ پھر حضرت فاروق اعظم رضؓ پھر حضرت عثمان رضؓ اور حضرت علی رضؓ نے نہایت ہی صاف الفاظ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

میں اعلان کیا کہ:۔ تمام غیر مسلم مذہب کے اعتبار سے بالکل آزاد رکھے جائیں گے۔ اور ان کی عبادت و رسوم میں کسی قسم کی مداخلت نہ کی جائے گی (جامع الشواہد)

یورپ کے مشہور مورخ مسٹر سی۔ ایچ۔ مارش اپنی مشہور کتاب "اے لکچر آن اسلام" میں لکھتا ہے:۔

"زمانہ خلافت راشدہ میں اور اس کے بعد بھی غیر مسلموں کے تمام معابد کاروباری مراکز اور تمام قومی معاملات ہر طرح کی پابندیوں سے آزاد تھے۔

"لائٹ آف دی اسلام" کا مصنف لکھتا ہے:۔

اسلامی قانون ہر مذہب و ملت کے لوگوں کو اپنے اعمال مذہبی میں کامل آزادی حاصل تھی۔ بت پرست قبطی۔ کلدانی۔ اسرائیلی اور عیسائی یہ سب ایک دوسرے کے ہمسایہ بستے تھے۔ ہر شخص ان میں آزاد تھا۔

عہد مغلیہ تاریخ شاہد ہے کہ مغل دستور میں بھی سرکاری خدمات کے لئے کوئی نسلی و مذہبی امتیاز نہیں تھا۔ ہر شخص کا حق مساوی تسلیم کیا گیا تھا۔ مشہور مورخ گردھاری لال اپنی کتاب "گلشن ہند" میں لکھتا ہے کہ مغل بادشاہوں کے عہد حکومت میں ہر قوم کو مذہبی و معاشرتی آزادی حاصل تھی۔ جو وقت کسی ہندو ریاست سے جنگ ہوتی تھی تب بھی مسلمانوں کے عدل و انصاف اور حسن سلوک میں کوئی فرق نہ آتا تھا۔ ہندوؤں کی عبادت گاہیں ان کی دولت و ثروت اور ان کی معاشرت۔ حکومت کی دست اندازی سے بالکل آزاد تھی۔ جب ہندوؤں کے مذہبی جلوس نکلتے تو مغل سپاہی اور افسر اعزازی دستہ کے طور پر ان کے ساتھ ہوتے تھے۔ اگر کوئی شریر فتنہ برپا کرنے کی کوشش کرتا تو مسلمان آگے بڑھ کر اسے فوراً گرفتار کر لیتے اور ان کی حفاظت کرتے تھے۔

ترکی ترکی میں ہر قوم کو اپنی عبادات۔ اپنی تہذیب و معاشرت اور اپنے قومی معاملات میں پوری آزادی حاصل ہے۔ استنبول کا ایک کیتھولک عالم مسٹر جوزف دینائس لکھتا ہے:۔

ترکی سپاہی ہمارے مذہبی جلوسوں کے ساتھ اعزازی دستہ کی حیثیت سے نکلتے ہیں۔ ہمارے مذہبی پیشواؤں کی عزت کرتے ہیں۔ اگر کوئی ہماری رسموں میں رخنہ پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ تو مسلمان اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال کر ہماری حفاظت کرتے ہیں۔ اور ہمارے مذہبی جذبات کا لحاظ رکھتے ہیں۔

ایران ایران میں بھی عیسائیوں۔ پارسیوں اور اسرائیلیوں سب کو پوری مذہبی اور معاشرتی آزادی حاصل ہے۔ اور کسی شخص کو اس کے مذہبی معتقدات کی وجہ سے تکلیف نہیں دی جاتی۔

اعلیٰ حضرت رضا شاہ پہلوی کے تخت نشین ہوتے ہی صاف طور پر اعلان شائع کر دیا گیا تھا کہ "تمام غیر مسلم مذہب کے اعتبار سے بالکل آزاد رکھے جائیں گے۔ اور ان کی عبادات و رسوم میں کسی قسم کی مداخلت نہ کی جائے گی"۔

سفرنامہ ایران مصنفہ فیروز شاہ مصدق ہے کہ:۔ آج ایران میں تمام غیر مسلموں کے معابد۔ قومی مراکز اور تمام قومی معاملات ہر طرح کی پابندیوں سے آزاد ہیں۔ ایران کے دستور میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں کو اپنے معاشرتی معاملات میں کامل آزادی حاصل ہے۔ بشرطیکہ وہ امن عامہ کے خلاف نہ ہوں۔

افغانستان افغانستان میں بھی ہر قوم کو اپنے مذہبی معاشرتی معاملات میں پوری آزادی حاصل ہے، وہاں ہندو، اسرائیلی۔ عیسائی سب ہی ایک دوسرے کے ہمسایہ بستے ہیں، ہر شخص ان میں کا آزاد ہے۔ مذہب میں۔ تعلیم میں لباس میں اور رسم و رواج میں کسی چیز میں بھی حکومت کی طرف سے کوئی مداخلت نہیں کی جاتی۔

عراق عراق میں ہر قوم کو اپنی عبادات اور اپنے معاشرتی معاملات میں پوری آزادی حاصل ہے اور کسی شخص کو اس کے مذہبی عقیدہ کی وجہ سے کوئی تکلیف نہیں پہنچائی جاتی۔ وہاں کثیر تعداد میں یہودی اور عیسائی آباد ہیں ان کی عزت و دولت انفرادی آزادی۔ اور آزادی ضمیر حکومت کی دست اندازی سے بالکل آزاد ہے۔

مصر مصر میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں کو اپنے اعمال مذہبی اور اپنے معاشرتی معاملات میں کامل آزادی حاصل ہے۔ مصر میں ہزاروں قبطی آباد ہیں۔ لیکن ان کی عزت ان کی دولت۔ انفرادی آزادی ضمیر حکومت کی دست اندازی سے بالکل آزاد ہے۔

حیدر آباد دکن مملکت دکن کے قانون میں بھی سرکاری خدمات کے لئے کوئی نسلی و مذہبی امتیاز نہیں ہے۔ ہر قوم کا حق مساوی تسلیم کیا گیا ہے۔ حکومت کے تمام دفاتر میں بغیر امتیاز مسلم و غیر مسلم عہدہ دار مقرر کئے جاتے ہیں۔ آغاز سلطنت سے اب تک ہر زمانہ میں غیر مسلموں کو بڑے بڑے ذمہ دار عہدوں پر فائز کیا گیا اور زیادہ سے زیادہ ترقی کے مواقع ان کو دیئے گئے۔ قانون حکومت میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں کو اپنے اعمال مذہبی میں کامل آزادی دی گئی ہے۔ بشرطیکہ وہ امن عامہ کے خلاف نہ ہوں۔ ان حقائق سے انکار کرنا صداقت کا خون کرنا ہے۔ (ماخوذ)

وزیرستان کی موجودہ شورش کا اصلی سبب

اسوقت اخبارات میں سرحدی قبائل کے خلاف جو خبریں شائع ہو رہی ہیں۔ وہ زیادہ تر غلط واقعات پر مبنی ہیں اور اب تک تصویر کا ایک ہی رُخ پیش کیا گیا ہے۔ دوسرے پہلو سے ناظرین بالکل بے خبر ہیں۔ گورنمنٹ کی طرف سے جو بیان شائع ہوتا ہے اسے درست سمجھ کر اخبارات تبصرہ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ ہم کسی ایسے معاملہ پر رائے زنی نہ کریں جب تک ملزم کا بیان نہ سن لیں۔

اسوقت یہی کہا جاتا ہے کہ صوبہ سرحد میں جو شورش برپا ہے اس کی تہ میں مسجد شہید گنج اور ایک ہندو لڑکی کی واپسی کا مطالبہ کام کر رہا ہے۔

یہ الزامات بڑے شد و مد کے ساتھ سرحدی قبائل کے خلاف لگائے جا رہے ہیں۔ سرحدی قبائل کا نقطۂ نگاہ ہمارے سامنے نہیں۔ ان حالات میں اگر ہم کوئی فیصلہ صادر کرتے ہیں تو اسے یکطرفہ فیصلہ ہی کہنا چاہیئے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام سرحدی قبائل فرشتے ہیں۔ اور ان سے کوئی غلطی سرزد نہیں ہو سکتی۔ لیکن ایک شخص جو گورنمنٹ کی فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی سے پورے طور پر واقف ہو۔ اس کے لئے یہ وجوہ کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ یہ شورش کوئی نئی شورش نہیں۔ ہر سال ہم ایسے واقعات سنتے ہی رہتے ہیں۔ دلیل کے طور پر اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ اسوقت سرحدی قبائل شہید گنج اور ہندو لڑکی کی واپسی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ تو سوال

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پیدا ہوتا ہے کہ گزشتہ سالوں میں سرحد میں کیوں شورش ہوئی۔ ہر سال سرحد پر فوج کشی کی جاتی ہے اور ہمیں نت نئے نفیروں کے نام سنائے جاتے ہیں لیکن آج تک کسی نے حقیقی طور پر یہ جاننے کی کوشش نہیں کی کہ اصل واقعات کیا ہیں۔

کیا سرحدی قبائل کی بغاوت کو شورش کہنا جائے اگر یہ فی الحقیقت شورش ہوتی تو برطانوی گورنمنٹ کے لئے ایسی شورش کا دبا لینا بائیں ہاتھ کا کرتب ہے۔

سرحدی قبائل کے علاقوں پر قبضہ

اس کے ثبوت میں ہمارے پاس کئی انگریزی مصنفین کے اقتباسات موجود ہیں۔ جن کا دیانت داری سے یہ خیال ہے کہ سرحدی قبائل کو غلام بنالیا جائے۔ پس ان انگریزوں کے لئے جو سرحد میں فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی کے حامی ہیں جان بوجھ کر دیانت داری کا لفظ استعمال کیا ہے۔ کیونکہ وہ صاف کہدیتے ہیں کہ برطانوی حکومت کو مستحکم کرنے کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے۔

ان انگریزوں کو جو فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی کے شدید مخالف ہیں۔ یا جو نہیں چاہتے کہ گورنمنٹ سرحدی قبائل کے معاملات میں دخل دے ایک فوجی جرنیل نے اس طرح پر مخاطب کیا ہے:۔

"ہم نے آج تک جو نقصان اٹھایا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری کوئی پالیسی نہیں۔ یا یہ کہنا چاہیئے کہ وہ بالکل عنقا ہے۔ ہم نے کئی سرگرمیاں دکھائیں۔ لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ اس لئے ہمیں فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی ہی کو زور کے ساتھ جاری رکھنا چاہیئے۔ اور ہمارا اگلا قدم وانا پر قبضہ ہی ہونا چاہیئے۔ جتنی جلدی اس پر قبضہ ہو جاتے اتنا ہی اچھا ہے"۔

یہ الفاظ کسی تشریح کے محتاج نہیں۔ اور کسی معمولی انگریز کے خیالات نہیں۔ بلکہ ایک ایسے انگریز فوجی افسر کے ہیں جس نے ہندوستانی فوج میں کافی عرصہ کام کیا ہے۔ یہ انگریز جنرل اے۔ بی۔ جی جکیب ہیں۔ اور یہ الفاظ اس نے کسی خفیہ جگہ پر نہیں بلکہ سنٹرل ایشین سوسائٹی کے سامنے ۱۹۲۶ء میں اپنی تقریر کے دوران میں کہے اس نے صاف طور پر کہا ہے کہ ہمیں کسی نہ کسی طرح وانا پر قبضہ کر لینا چاہیئے۔ ناظرین کی واقفیت کے لئے میں یہ عرض کردوں کہ وانا وزیرستان میں ہے اور شورش کی خبریں بھی وزیرستان سے ہی آ رہی ہیں۔ وانا پر قبضہ مدت دراز سے ہو چکا ہے۔ اسوقت وہاں ایک بہت بڑی چھاؤنی ہے۔ لیکن جنرل جکیب صرف وانا پر قبضہ کرنے کا خواہشمند نہیں تھا بلکہ اس نے اپنی پالیسی کی توضیح کی اور کہا کہ ہمیں مندرجہ ذیل پروگرام پر فوری عملدرآمد کر لینا چاہیئے۔

وہ پروگرام کیا ہے میجر جکیب کے الفاظ میں سنیئے:۔

(۱) وانا پر قبضہ (ب) رزمک سے لے کر وانا تک ملٹری موٹروں کے لئے پکی سڑک (ج) سروکئی سے وانا تک ایک اور سڑک (د) سروکئی سے ایک اور سڑک کھجوری کچھ کی طرف۔ اس آخری سڑک کو فورٹ سنڈیمن کے ساتھ ملا دیا جائے"۔

یہ تمام پروگرام وزیرستان پر قبضے ہی کا پروگرام ہے۔ کیا اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ سرحد میں جو کچھ اسوقت ہو رہا ہے وہ اسی پروگرام کی تکمیل میں ہے میجر جکیب کا پروگرام اسقدر وسیع پروگرام نہیں تھا بلکہ اسے قلیل عرصہ میں پورا کیا جا سکتا تھا۔ اس لئے اس پروگرام کو زیادہ وسیع کیا گیا۔ اور وہ وسیع پروگرام بست سالہ سکیم کے نام سے مشہور ہے۔ سکیم کا مصنف لکھتا ہے:۔

"اس لئے میں نہایت عاجزی کے ساتھ ایک سکیم کو پیش کرتا ہوں یہ سکیم بیس سال کی سکیم ہے اور چار حصول پر منقسم ہے"۔

ناظرین یہ جاننے کے ضرور خواہشمند ہوں گے کہ وہ بست سالہ سکیم کیا ہے؟ اور وہ کس طرح پر چار حصوں میں منقسم ہے۔ اس کے لئے پھر مصنف ہی کے اقتباسات پیش کرتا ہوں جن کو اختصار کے ساتھ یوں بیان کیا جا سکتا ہے:۔

"ہم افغانستان کو اپنے ارادوں سے مطلع کردیں اور سرحدی قبائل کو آگاہ کردیں کہ اگر انھوں نے ہماری پُرامن مداخلت کی مزاحمت کی تو ہم ان کے خلاف سخت کارروائی کریں گے"۔

دوسرا حصہ "جو کچھ ہم نے وزیرستان میں کیا ہے وہی ہمیں تیراہ اور مہمند کے علاقہ میں کرنا چاہیئے"۔

تیسرا حصہ "ہمیں بونیر، سوات اور چترال ریاستوں کو بھی اس امر کی ترغیب دینی چاہیئے کہ وہ ہماری فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی میں شریک ہو جائیں"۔

چوتھا حصہ "تمام صوبہ سرحد کو غیر مسلح کر دیا جائے"۔

ہمیں اس پروگرام کے حسن و قبح پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن اس سے ان لوگوں کے خیالات کی تردید ہو جاتی ہے۔ جو یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ سرحدی قبائل کی بغاوت کی تہہ میں شہید گنج کی مسجد یا کوئی اور ہندوستانی مسئلہ کام کر رہا ہے۔

مندرجہ بالا وسیع پروگرام ایک نہایت تجربہ کار انگریز کا پروگرام ہے۔ جس کا اصلی نام ہم سے پوشیدہ ہے لیکن وہ مسٹر ماؤس (MOUSE) کے نام سے اخبارات میں مضامین لکھتا ہے۔ مسٹر ماؤس کی تمام مندرجہ سکیم سٹیٹسمین ۱۲ ر اگست ۱۹۳۱ء کے پرچہ میں جلی عنوانوں کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ مسٹر ماؤس تو یہاں تک کہتے ہیں کہ

"سول نافرمانی ہمارے لئے کوئی مہم نہیں بلکہ حقیقی مہم سرحد کی مہم ہے"۔

میں اپنی طرف سے کچھ نہیں لکھنا چاہتا بلکہ مسٹر ماؤس کے اپنے الفاظ سنیئے:۔

"ہمیں اپنی آنکھیں بند نہیں کر لینی چاہئیں اس کے متعلق مسلمانوں میں جو ایجی ٹیشن شروع ہوگی اس کے مقابلے میں سول نافرمانی دھوبی گھاٹ پر دھوبی کی لڑائی معلوم ہوگی"۔

یہی مسٹر ماؤس ان انگریزوں کے خلاف جو اس کی سکیم کی مخالفت کرتے ہیں سخت الفاظ استعمال کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ:۔

"سر سنڈیمن کی وفات کے بعد ہماری سرحد کی پالیسی عملی نہیں بلکہ زبانی رہی ہے ہم نے فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی کو اس لئے منظور کر لیا کہ اس کے سوا اور کوئی سکیم نہیں تھی"۔

لیکن اس پالیسی میں وقتاً فوقتاً رکاوٹیں پیش آتی رہیں۔ ان الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ ماؤس فارورڈ (پیشقدمی کی) پالیسی سے مطمئن نہیں ہے۔ بلکہ وہ سرحدی قبائل کو غیر مسلح بھی کرنا چاہتا ہے۔ سر رابرٹ سنڈیمن کو تو ناظرین جانتے ہوں گے ان کو فارورڈ (پیشقدمی کی) ٭٭

٭٭ پالیسی کا جنم داتا کہا جاتا ہے۔ ان کے نام سے بلوچستان میں ایک شہر آباد ہے اور کہا جاتا ہے کہ سر سنڈیمن کے وقت حکومت ہند کی پالیسی سرحدی قبائل میں مداخلت کے خلاف تھی۔ اسلئے سر سنڈیمن اور گورنمنٹ ہند کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہوگئے۔ پھر سنڈیمن نے کس طرح گورنمنٹ ہند کو اپنی پالیسی پر چلایا۔ یہ طویل داستان ہے جس کے لئے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہے (از انقلاب لاہور ۱۳ مارچ ۳۷ء بحوالہ المحدیث ۱۹ اپریل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یوم النبی صلی اللہ علیہ وسلم

